
# مظفر آباد سوشل ویلفیئر ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ)

رجسٹریشن نمبر 410-K



## علاقے کا تعارف:

| | | | |
|---|---|---|---|
| علاقے کا نام: | مظفر آباد کالونی | کالونی کا قیام: | 1960ء |
| کل آبادی: | 80ہزار | ٹاؤن: | لانڈھی ٹاؤن |
| یونین کونسل نمبر: | UC-1 | قومی اسمبلی کا حلقہ:258 | |
| صوبائی اسمبلی کا حلقہ:129 | | | |

## تنظیمی ڈھانچہ تفصیل عہدیداران:

| | | |
|---|---|---|
| چیئرمین :سعید الرحمان ساجد | صدر: آخی بہادر | سینئر نائب صدر :اجمل خٹک |
| نائب صدر: رفیع اللہ | جنرل سیکریٹری :عبدالمعبور خان | |
| ڈپٹی سیکریٹری جنرل: گلاب نواز خاں | جوائنٹ سیکریٹری: اعجاز احمد مسعود | |
| پریس سیکریٹری: عبدالواحد | فنانس سیکریٹری: افتخار احمد | |

## ممبران مجلس عاملہ:

ریاست خان البرق ،محمد لطیف ،فضل محمود خان ،عبدالرحمان ،افتخار احمد ،رضا فراز ،
دوست محمد ،سلطنت خاں ،ناصر خاں ،ذوالفقار علی مغل ،ساجد منیر اعوان

## تنظیم کے قیام کا پس منظر:

اس تنظیم کا قیام اس وقت عمل میں آیا جب محمد اقبال اور شیخ مجیب الرحمٰن نے علاقے کی ترقی اور سماجی مسائل کو محسوس کرتے ہوئے اپنے محلے کے مکینوں کو فضل محمود خان اور لطیف ہزاروی کی مدد سے ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا اور مفاد عامہ کے اجتماعی مسائل کی پیروکاری کے لیے مکینوں نے 28 جولائی 1988ء کو بلدیہ پارک میں منعقدہ ایک اجلاس میں مظفرآباد سوشل ویلفیئر ایسوسی ایشن کے نام سے ایک تنظیم بنانے کا متفقہ فیصلہ کیا۔ اور یوں تنظیم کی ابتداء ہوئی۔ ریاست خان البرق اس تنظیم کے پہلے صدر اور شیخ مجیب الرحمٰن پہلے جنرل سیکریٹری منتخب ہوئے۔ بعدازاں تنظیم اپنے منشور کو لیکر چلی۔ اس دوران کابینہ بھی بدلتی رہی۔ لیکن تنظیم کے جامعہ اور مکمل آئین کی تکمیل نہ ہوسکی۔ اس دوران آئین ساز کمیٹیاں بھی بنیں۔ عبوری کابینہ کے صدر حشمت علی اور جنرل سیکریٹری محمد اقبال کی سربراہی میں آئین ساز کمیٹی قائم کی گئی بالاآخر اس آئین ساز کمیٹی نے تنظیم کا جامع آئین تیار کرلیا اور اس طرح آئین کی تکمیل کے بعد ایسوسی ایشن کو اپنے اغراض ومقاصد کے حصول میں کافی کامیابیاں حاصل کیں نیز تنظیم نے اپنے سماجی کام کا دائرہ کار UC-1 مظفرآباد کالونی سابقہ بلدیاتی حلقہ نمبر 90 تک وسیع کردیا اب تنظیم کا مرکزی دفتر مظفرآباد کالونی میں واقع ہے۔

## اغراض ومقاصد:

مظفرآباد سوشل ویلفیئر ایسوسی ایشن قطعاً غیر سیاسی اور خالص فلاحی تنظیم رہے گی (غیر سیاسی سے مراد) تنظیم کا کسی سیاسی جماعت یا پارٹی سے تعلق نہیں ہوگا۔ یہ تنظیم علاقائی تعصب ورنگ ونسل اور فرقہ واریت کے امتیازات سے بالکل پاک ہوگی اور علاقے کے عوام کے سماجی معاشرتی اور علاقائی مسائل کے حل کیلئے اور ان کے معیار زندگی کو بہتر بنانے کیلئے حتی الامکان کوشش کرے گی۔ تنظیم کا حقیقی نصب العین محنت، خدمت اور جیسے روشن اصول ہیں۔



## تنظیم کی سرگرمیاں:

۱۔ ایجوکیشن

۲۔ ہیلتھ اور میڈیکل کیمپ

۳۔ سماجی تقریبات

۴۔ مصالحتی کمیٹی

۵۔ اسپورٹس

۶۔ لائبریری کا قیام

۷۔ بنیادی سہولیات کا حصول (پانی، بجلی، گیس)

۸۔ لیز کیمپ

۹۔ یوٹیلیٹی اسٹور کا قیام

## ایجوکیشن:

تنظیم ہر سال ایک طلباء کی امداد کیلئے تقسیم کتب کمیٹی تشکیل دیتی ہے جو علاقے کے مخیر حضرات سے فنڈ جمع کر کے غریب مستحق طلباء طالبات میں مفت کاپیاں تقسیم کرتی ہے جبکہ کتابیں سرکاری اسکولوں میں حکومت کی جانب سے مہیا کی جاتی ہیں۔ حلقہ سے تعلق رکھنے والے تعلیمی بورڈ کی سطح پر نتائج میں نمایاں کامیابی پر طلباء وطالبات میں انعامات واعزازات اور ایوارڈ دیئے جاتے ہیں۔ تعلیمی اداروں کی نگرانی کیلئے تمام گورنمنٹ اور پرائیویٹ اسکولوں کے معیار تعلیم پر نظر رکھی جاتی ہے۔ غیر تسلی بخش تعلیمی کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالے تعلیمی ادارے کے خلاف محکمہ تعلیم کو شکایات ارسال کی جاتی ہیں اور نااہل اساتذہ کا تبادلہ کروادیا جاتا ہے۔







## لائبریری کا قیام:

ہمارے علاقے میں سٹی گورنمنٹ کے زیراہتمام عبدالرب نشتر لائبریری کام کر رہی ہے۔اس کی ترقی اور کتب کے اضافے میں تنظیم پارٹنر کا کردار ادا کر رہی ہے۔ہم مختلف اداروں اور گورنمنٹ سے حصول کتب کے لیے خط و کتابت کرتے رہے ہیں۔



# جشن آزادی کی تقریبات






## ہیلتھ اور میڈیکل کیمپ:

غریب مکینوں کو طبی سہولتیں فراہم کرنے کے لیے میڈیکل کیمپ لگوائے جاتے ہیں۔ جہاں سے مریض بلامعاوضہ ادویات حاصل کرتے ہیں۔ نیز پولیو ڈے اور حفاظتی ٹیکوں کے لگوانے میں ہر طرح سے تعاون کرتے ہیں۔ تنظیم علاقے میں بڑے ہسپتال و میٹرنٹی ہوم کے قیام کے لیے ہسپتال کے قیام کے لیے کوشاں ہے جس میں قابل ڈاکٹر و لیڈی ڈاکٹر اور 24 گھنٹے ایمرجنسی عملہ بھی موجود ہو۔ ایمبولینس سہولت کے ساتھ ساتھ مریضوں کے لیے بستروں کا انتظام بھی کروائے گی۔




پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں
DAWN BREAD ڈان بریڈ
MSWA


کے خلاف گھر گھر مہم میں بھرپور حصہ لیں۔

## سماجی تقریبات:

جشن آزادی تنظیم کے زیراہتمام سالانہ جشن آزادی کی تقریب۔ کوئز پروگرام ادبی محفلیں و دیگر وکنونشن وتقریبات منعقد کی جاتی ہیں جلسوں میں اسکولوں کے طلباء وطالبات کے مابین مختلف نوعیت کے مقابلے کروائے جاتے ہیں اور انکی حوصلہ افزائی کیلئے ان میں انعامات تقسیم کیے جاتے ہیں۔



## افطار / عید ملن پارٹی:

معززین علاقہ وممبران کے اعزاز میں عید ملن و افطار پارٹیاں دی جاتی ہیں۔اس سے مکینوں کو ایک دوسرے سے ملنے اور مسائل پر بات کرنے کا موقع ملتا ہے۔



## کھیل:

علاقے میں 4 کھیلوں کے گراؤنڈ موجود ہیں۔ تنظیم علاقہ میں کھیلوں کے مختلف قسم کے ٹورنامنٹس آرگنائز کرتی ہے اور جس سے نوجوانوں میں صحت مند سرگرمیوں کا ماحول پیدا ہوتا ہے۔



## مصالحاتی کمیٹی:

تنظیم نے ایک مصالحتی کمیٹی قائم کی ہوئی ہے جو کہ علاقے میں جھگڑے وغیرہ کے مسئلہ پر ثالث کا کردار ادا کرتی ہے اور یہی کمیٹی اصلاح معاشرہ پر توجہ دیتی ہے اور علاقے سے غنڈہ گردی، بے راہ روی اور منشیات کے مکمل خاتمے کیلئے جدوجہد کی جاتی ہے۔

## لیز کیمپ:

مظفر آباد کالونی قدیم تسلیم شدہ کچی آبادی ہے۔ 1997ء میں SKAA نے علاقے میں لیز کیمپ لگایا جس میں ہم نے بھرپور تعاون کیا اور پھر دوبارہ 2004ء میں لیز کیمپ سے لوگوں نے اپنے مکانوں کے مالکانہ حقوق حاصل کیے۔

موجودہ سٹی ناظم مصطفیٰ کمال لیز ریٹ بہت زیادہ بڑھا دیے ہیں جس سے کچی آبادیوں میں لیز کا عمل رک گیا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ کچی آبادی کے محنت کش مکینوں کو سابقہ ریٹ پر 25% روپیہ فی گز پر مالکانہ حقوق دیئے جائیں۔ جس سے غریب عوام کو سہولت حاصل ہوگی اور حکومت کو بھی آمدنی ہو۔

# بنیادی سماجی سہولیات کی فراہمی

## بجلی:

سماجی کارکنوں کی جدوجہد سے 1976-77ء میں مکینوں کو بجلی کی فراہمی شروع ہوئی۔ تنظیم کے قیام کے بعد سے علاقے میں بجلی کے نظام کو بہتر بنانے وسیع کرنے اور اسٹریٹ لاگت لگوانے کے لیے فعال کردار ادا کیا۔



# بنیادی سماجی سہولیات کی فراہمی

## سوئی گیس:

ہماری کاوشوں سے 1993ء میں سوئی گیس کا عمل شروع ہوا علاقے کے رکن قومی اسمبلی ریحان عمر فاروقی نے اسکا افتتاح کیا اور تنظیم کی کارکردگی کا سہرا ہے نیز بجلی اور گیس کے بلوں کی ادائیگی کے لیے علاقائی پوسٹ آفس میں ادائیگی کا حکم بھی ہماری درخواست پر ہوا جس سے عوام کو بینکوں کے علاوہ بھی بل جمع کروانے کی سہولت حاصل ہے۔



## یوٹیلٹی اسٹور کا قیام:

مظفر آباد کالونی میں یوٹیلٹی اسٹور نہ ہونے کی وجہ سے عوام دوسرے علاقوں میں یوٹیلٹی اسٹورز پر جاکر خریداری کرتی ہے اس کے قیام کے لیے تنظیم نے کوشش کی بالاآخر علاقے میں فرنچاوائز یوٹیلٹی اسٹور قائم ہوگیا۔ جس سے عوام استفادہ کرر ہے ہیں۔

